**25.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے صنعت اور اسٹارٹ اپس سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ کوالٹی پر توجہ مرکوز کریں۔ آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارتی معیشت تیزی سے ترقی کررہی ہے اور دنیا، بھارت کی جانب دیکھ رہی ہے۔

☆ وزیر اعظم نے نوجوانوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ 18 سال کی عمر کا ہوجانے پر رائے دہندگان کے طور پر اپنا اندراج کرائیں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 77 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر آج شام قوم سے خطاب کریں گی۔

☆ یوم جمہوریہ کے موقع پر پولیس، آگ بجھانے والے محکمے، ہوم گارڈ، سِول ڈِفینس اور اصلاحی خدمات سے تعلق رکھنے والے 982 افراد کو شجاعت اور سروِس میڈل سے نوازا گیا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے رائے دہندگان کے قومی دن کی تقریب کی صدارت کی۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ دینے کا عمل محض سیاسی اظہار نہیں، بلکہ جمہوری عمل میں شہریوں کے یقین کی عکاسی بھی ہے۔

☆ آکاشوانی کے نیوز سروس ڈویژن کو رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے سے متعلق بہترین مہم کیلئے ایوارڈ سے نوازا گیا۔

☆ اور کرکٹ میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان تیسرا ٹی-ٹوئنٹی میچ آج شام گوہاٹی میں کھیلا جائے گا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

PM Mann Ki Baat

وزیراعظم نریندر مودی نے ہم وطنوں، خاص طور سے صنعت اور اسٹارٹ اپس سے جڑے نوجوانوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ کوالٹی پر توجہ دیں۔ آج آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت کی معیشت تیزی سے ترقی کررہی ہے اور دنیا، بھارت کی جانب دیکھ رہی ہے۔ انہوں نے لوگوں سے کہا کہ جو بھی سامان ملک میں تیار کیا جاتا ہے اُس کی کوالٹی کو بہتر بنانے کا عزم کریں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ شاندار کارکردگی، معیار کا پیمانہ ہونا چاہیۓ۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسا کرکے ہی ملک وکست بھارت کی جانب اپنے سفر کو تیز کرسکتا ہے۔

SB - 1400 - PM Modi On Quality

وزیر اعظم نے کہا کہ 10 سال پہلے جنوری 2016 میں ملک نے اسٹارٹ اپ اِنڈیا کا آغاز کرکے ایک بڑے سفر کی شروعات کی تھی۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت آج دنیا میں تیسرا سب سے بڑا اسٹارٹ اپس ایکو نظام بن گیا ہے۔ رائے دہندگان کے قومی دن کے موقع پر جناب مودی نے کہا کہ ووٹر جمہوریت کی روح ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب کوئی نوجوان پہلی بار ووٹر بنے، تو پڑوس کے تمام لوگوں، گاؤں یا شہر کے باشندوں کو چاہیۓ کے اُسے مبارکباد دیں اور مٹھائیاں تقسیم کریں۔

SB - 1400 - PM Modi on Youth Voter

اِس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ کُل قوم، یومِ جمہوریہ منائے گی، وزیر اعظم نے کہا کہ اِسی روز آئین نافذ ہوا تھا اور یہ عوام کو آئین کے معماروں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے۔

SB - 1400 - PM Modi on 26th January

اعظم گڑھ کے لوگوں کی تعریف کرتے ہوئے، جنہوں نے دریائے Tamsa کو ایک نئ جلا بخشی ہے، جناب مودی نے کہا کہ Tamsa محض ایک دریا نہیں ہے، بلکہ یہ ثقافتی اور روحانی وراثت کا ایک سلسلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دریا، جو اَیودھیا سے گزر کر گنگا میں مل جاتا ہے، ایک زمانے میں اِس خطے کے لوگوں کیلئے کافی اہمیت کا حامل تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ بھجن اور کیرتن، صدیوں سے بھارتی ثقافت کی روح رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ آج کے نوجوانوں نے عقیدت کے جذبے کو اپنے طرزِ زندگی میں شامل کرلیا ہے۔

ملیشیا میں بھارتی برادری کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے، جو اپنی ثقافت کے تحفظ اور فروغ میں قابل ستائش کام کررہی ہے، جناب مودی نے کہا کہ ملیشیاء میں 500 سے زیادہ تمل اسکول ہیں، جہاں تمل زبان پڑھائے جانے کے ساتھ ساتھ دیگر مضامین بھی تمل میں پڑھائے جاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تیلوگو اور پنجابی کے ساتھ ساتھ دیگر بھارتی زبانوں پر بھی کافی توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ جموں و کشمیر کے اننت ناگ ضلعے میں Sheikhgund گاؤں کے Mir Jafar نے منشیات، تمباکو، سگریٹ اور شراب سے متعلق چیلنجوں کے خلاف گاؤں میں نوجوانوں سے لے کر عمر رسیدہ لوگوں کو متحد کیا۔ اِس پہل کا اثر یہ ہوا کہ دکانوں میں تمباکو کی مصنوعات کی فروخت بند ہوگئی اور اِس کوشش سے لوگوں میں منشیات کے خطروں کے بارے میں مزید بیداری بھی پیدا ہوئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انڈیا AI اِمپیکٹ سمٹ میں، جو اگلے مہینے منعقد ہوگی، AI کے شعبے میں بھارت کی ترقی اور حصولیابیوں کو اجاگر کیا جائے گا۔x

Prez National Voters

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ ووٹ ڈالے جانے کا عمل محض سیاسی اظہار خیال نہیں ہے، بلکہ ملک کے جمہوری انتخابی عمل میں شہریوں کے یقین کا اظہار بھی ہے۔ نئی دلّی میں رائے دہندگان کے قومی دن کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ووٹنگ، شہریوں کیلئے اپنی امنگوں کے اظہار کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ اپنے خطاب میں، صدر جمہوریہ مرمو نے International Institute of Democracy & Electoral Assistance، انٹرنیشنل IDEA میں بھارت کی صدارت کو اجاگر کیا۔ صدر جمہوریہ نے حال ہی میں اختتام پذیر جمہوریت اور انتخابی بندوبست سے متعلق انڈیا انٹرنیشنل کانفرنس میں چناؤ سے متعلق 42 اداروں کی شرکت کا بھی ذکر کیا۔

SB - Droupadi Murmu

اِس سال کی تقریب کا موضوع ہے : ''مائی انڈیا مائی ووٹ - شہری، بھارتی جمہوریت کی روح''۔ اِس موقع پر صدر جمہوریہ نے نوجوان رائے دہندگان کو، جو پہلی بار ووٹر بنے ہیں، انتخابی فوٹو شناختی کارڈ سپرد کیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مختلف زمروں میں بہترین انخابی طور طریقوں سے متعلق ایوارڈ بھی پیش کیے، جن میں ٹیکنالوجی کا موثر استعمال، انتخابی بندوبست اور نقل و حمل، اختراعی ووٹر بیداری اور مثالی ضابطۂ اخلاق پر عمل آوری شامل ہیں، ساتھ ہی دیگر خصوصی ایوارڈس اور میڈیا کیلئے ایوارڈس بھی دیے گئے۔ آکاشوانی کے نیوز سروس ڈویژن کو سال 2025 کیلئے رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے سے متعلق بہترین مہم کیلئے الیکٹرانک میڈیا کے زمرے میں میڈیا ایوارڈ سے نوازا گیا۔ آکاشوانی کے ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار جین نے صدر جمہوریہ سے یہ ایوارڈ قبول کیا۔x

Prez Address

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقعے پر آج شام 7 بجے قوم سے خطاب کریں گی۔ اُن کا یہ خطاب پہلے ہندی اور بعد میں انگریزی میں آکاشوانی کے تمام قومی نیٹ ورک اور دوردرشن کے تمام چینلوں پر نشر کیا جائے گا۔ اس کے بعد دوردرشن کے علاقائی چینلوں کے ذریعے علاقائی زبانوں میں بھی نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی کے علاقائی نیٹ ورکس رات ساڑھے نو بجے سے علاقائی زبانوں میں ان کا خطاب نشر کریں گے۔x

RD Gallantry Medals

یومِ جمہوریہ کے موقع پر، پولیس، فائر بریگیڈ، ہوم گارڈ نیز سول ڈیفنس اور اصلاحی خدمات کے 982 اہلکاروں کو تمغوں سے نوازا گیا ہے۔ ان میں سے، 125 اہلکاروں کو شجاعت اور بہادری کے تمغے دیے گئے ہیں۔

یہ تمغے، زندگی اور املاک بچانے، جرائم کی روک تھام اور مجرموں کی گرفتاری کے سلسلے میں بہادری کے غیر معمولی اقدام کیلئے عطا کیے جاتے ہیں۔

اس کے علاوہ 101 ممتاز اہلکاروں نے نمایاں خدمات کیلئے President's Medal اور 756 اہلکاروں نے شاندار خدمات کیلئے تمغے حاصل کیے۔x

Cricket T20

کرکٹ میں، آج گوہاٹی میں ACA اسٹیڈیم میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان تیسرا T20 میچ کھیلا جائے گا، یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔

بھارت کو 5 میچوں کی اس سیریز میں دو صفر کی سبقت حاصل ہے اور اگر بھارت آج کا میچ جیت لیتا ہے تو وہ سیریز اپنے نام کر لے گا۔x

US Winter Storm

امریکہ میں ہزاروں پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں، کیونکہ ختمِ ہفتہ موسمِ سرما کے طوفان میں شدت آگئی ہے۔ عہدیداروں نے خبردار کیا ہے کہ اتوار کا دن، امریکہ کی ہوا بازی کی تاریخ میں موسم کی وجہ سے پروازوں میں رخنہ پڑنے والے بدترین دنوں میں سے ایک ہوسکتا ہے۔ ایئر لائنز اور ہوائی اڈوں کے اعداد و شمار کے مطابق، امریکی ایئر لائنز نے اپنی ایک تہائی سے زیادہ مقررہ پروازوں کو منسوخ کردیا ہے۔ اُدھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کئی ریاستوں کیلئے ایمرجنسی کا اعلان کردیا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆